
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : انیلا حمید خان، شاہین عزیز اور ناہید حسن

کلاس 1 کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- یہ ٹیچرز گائیڈ پہلی جماعت کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ اس گائیڈ میں کتاب کو پڑھانے کے طریقے کو جس طرح مختلف مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے وہ محض ایک تجویز ہے۔ کتاب پڑھاتے وقت بچوں کی دلچسپی اور ذہنی ارتقاء کے پیش نظر اس کی ترتیب اور مواد میں ردوبدل کیا جاسکتا ہے۔

اس کے لئے ضروری ہے کہ ٹیچرز اپنے درس وتدریس میں ایسی باتوں کو شامل رکھیں جس سے بچوں کے احساسات اور نفسیات دونوں کی نشوو نما ہو اور کسی بھی بچے کی دل آزاری نہ ہو۔ کچھ خاندانوں میں نانی' نانا' دادی' دادا' امی' ابو میں سے بعض نہیں ہوتے۔ بچوں کو یہ احساس نہیں ہونا چاہئے کہ یہ کوئی بری بات ہے۔

## سیشن 1

25 منٹ

- بچوں کو کتاب دکھائے بغیر سب سے پہلے رشتہ ''نانی'' پر گفتگو کریں۔ مثلاً آپ اپنی امی کی امی کو کیا کہتے ہیں؟

چھٹیوں میں آپ کہاں کہاں رہنے جاتے ہیں؟

آپ کو سب سے زیادہ کہاں مزا آتا ہے؟

بچے مختلف جوابات دیں گے۔ ٹیچرز ان کی بات کو توجہ سے سنیں۔ کچھ بچے کہیں گے نانی کے گھر' کچھ کسی اور کے گھر کا نام لیں گے۔

جو بچے نانی کا نام لیں ان سے ٹیچر فرداً فرداً پوچھیں کہ آپ کی نانی کیسی ہیں؟ کیا آپ کو کہانی سناتی ہیں؟ آپ کے لئے کیا کرتی ہیں؟ آپ ان کے لئے کیا کرتے ہیں؟ کیا آپ ان کا کہنا مانتے ہیں؟ آپ ان کو کس طرح خوش کرتے ہیں۔ (ان کا کہنا مان کر' ان کی عزت کرکے وغیرہ وغیرہ . . . )

### نوٹ

- جن بچوں کی نانی نہیں ہیں ان سے ٹیچر یہ کہہ سکتی ہیں کہ آپ بھی اپنی نانی کو خوش کرسکتے ہیں۔ ان کے لئے دعا کریں کہ اللہ ان کو جنت میں جگہ دے اس طرح آپ کی نانی جنت میں خوش رہیں گی۔ اس تمام گفتگو کے دوران ٹیچر اپنے لب و لہجے کو نرم رکھیں۔

20 منٹ

• ٹیچر بورڈ پر لفظ نانی لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ نانی کے ہم آواز چار چار الفاظ کوپی میں لکھیں۔
(نانی۔ مانی۔ پانی۔ جانی)

## گھر کا کام

• بچے اپنی نانی کی کوئی تصویر لے کر آئیں یا پھر ڈرائنگ کر کے لائیں۔

## سیشن 2

45 منٹ

• ٹیچر آج کتاب ''نانی'' کا تعارف کروائیں۔ سب سے پہلے کتاب پر لکھے لفظ ''نانی'' کو ٹیچر کسی کاغذ سے چھپا دیں۔ اس کے بعد کتاب کا cover دکھائیں اور اس سے متعلق مختلف سوالات کریں۔

(1) آپ کے خیال میں یہ کس کی تصویر ہے؟ (کلاس کے زیادہ تر بچے اس سوال کا صحیح جواب دیں گے کیونکہ وہ پہلے دن نانی لفظ پر کام کر چکے ہیں۔ اگر نہیں پہچان سکیں تو ٹیچر لفظ نانی پر سے کاغذ ہٹائیں اور بچوں سے اس لفظ کی پڑھائی کر والیں۔)

(2) اس تصویر میں یہ بوڑھی لگ رہی ہیں یا جوان؟

(3) ان کے کپڑے کس رنگ کے ہیں؟

(4) آنکھوں پر کیا پہنا ہے؟ کیوں پہنا ہے؟ وغیرہ۔ (اگر کلاس کے کسی بچے نے یا خود ٹیچر نے چشمہ پہنا ہوا ہے تو نانی اور اپنے چشموں میں فرق پر بات کریں مثلاً رنگ شکل وغیرہ)

5 منٹ

## نوٹ

• ٹیچر پہلے سے کہانی کے تمام الفاظ کے فلیش کارڈز تیار کر کے رکھیں اور کلاس میں لائیں۔

• لفظ آ گئی اور آ گئیں کے فلیش کارڈز (flash cards) بھی بنائے جاسکتے ہیں۔ آ گئی اور آ گئیں پڑھوا کر تلفظ سنا جائے۔ ورنہ سکھایا جائے۔ بعد میں استعمال کے لئے اس طرح کے فلیش کارڈ بنائے جائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آ گئیں | آئس کریم | سامان | پیار | آیا |
| حنا | امی | اندر | باغ | کامل |
| عادل | ابو | بچوں | دیکھیئے | ساتھ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کہا | بچے | مزا | میرے | گیند |
| آیئے | گئے | بڑا | کھلونے | کھیلنے |

## سیشن 3

25 منٹ
- آج کلاس میں کتاب ''نانی'' کے صفحہ نمبر 1 اور 2 کے الفاظ کے فلیش کارڈز بچوں کو دکھائیں اور فرداً فرداً اس کی پڑھائی کر وائیں۔ ان الفاظ کو سوفٹ بورڈ پر لگاتی جائیں۔ پھر صفحہ نمبر 2-1 کی دوبارہ بچوں سے پڑھائی کر وائیں اور تصاویر کے مطابق گفتگو کریں۔ مثلاً

(1) نانی کس میں بیٹھ کر آ رہی ہیں؟
(2) اس گاڑی کو کیا کہتے ہیں؟
(3) یہ کس رنگ کی گاڑی ہے؟
(4) نانی کو دیکھ کر کون کون خوش ہو رہا ہے؟
(5) اس کے علاوہ اور کیا چیزیں نظر آ رہی ہیں؟
(6) درخت کے نیچے اور اوپر کیا نظر آ رہا ہے؟
(7) حنا اور عادل کیسے نظر آ رہے ہیں خوش یا ناخوش؟ وغیرہ وغیرہ۔

20 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر چار جملے لکھیں۔ بچے کوپیوں میں اتاریں اور خالی جگہ پر کریں۔

(1) یہ __________ کی نانی ہیں۔
(2) یہ __________ کی نانی ہیں۔
(3) نانی __________ میں آ رہی ہیں۔
(4) بس کا رنگ __________ ہے۔

## سیشن 4

20 منٹ
- تمام بچوں کو ایک مرتبہ پھر صفحہ نمبر 2-1 پڑھ کر سنائیں۔ آج بچے کاپی میں صفحہ نمبر 2-1 کے الفاظ کی لکھائی کریں۔ بعد میں ٹیچر تمام الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے ایک دوسرے کی ہجے بورڈ پر دیکھ کر چیک کریں۔

25 منٹ
- کلاس میں رول پلے کر وائیں۔ کوئی بچہ دوپٹہ اوڑھ کر نانی بن جائے۔ کلاس کے بچے اس سے سوال پوچھیں اور وہ اپنی مرضی سے جواب دے۔ ایسے موقع پر ٹیچر activity کے ساتھ ساتھ بچوں کا لب و لہجہ نوٹ کریں اور تلفظ درست کریں۔ کلاس میں کئی بچے باری باری نانی کا رول پلے کریں۔

## سیشن 5

15 منٹ
- آج بچوں کو مندرجہ ذیل الفاظ جوڑنے کے لئے دیئے جائیں۔
- ٹیچر الفاظ توڑ کر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے جوڑ کر لکھیں۔

ن + ا + ن + ی =

آ + گ + ء + ی + ں =

ع + ا + و + ل =

ح + ن + ا =

ن + ے =

ک+ ہ + ا =

15 منٹ
- اب کلاس میں نظم سنائیں جس کا عنوان بھی ''نانی'' ہے۔ پہلے ٹیچر اس نظم کو ایک چارٹ پیپر پر لکھیں اور اس کے چاروں طرف بچوں کی لائی ہوئی نانی کی تصاویر چپکا دیں۔ یہ کام کلاس میں بچوں کے ساتھ مل کر کریں۔

15 منٹ
- نظم سنانے سے پہلے بچوں سے پوچھیں آپ کو نانی پر کوئی نظم یا گانا آتا ہے۔ اگر کوئی بچہ سنانا چاہتا ہے تو اسے سنانے دیں۔ بچے کی تعریف کریں پھر ٹیچر بچوں سے کہیں میں بھی آپ کو ایک نظم سناتی ہوں۔

## نظم

امی کی امی میری نانی
امی کی وہ امی جانی
نانی میری جب ہیں آتی
بہت سی چیزیں ساتھ ہیں لاتی
نئی پرانی نظم کہانی
آ کر ہم کو وہ ہیں سناتی
کھیل کھیل میں ہم سب کو وہ
اچھی باتیں روز بتاتیں
اپنے ہاتھ سے حلوہ بنا کر
پیار پیار سے ہمیں کھلاتیں

- سب بچے ٹیچر کے ساتھ ساتھ یہ نظم پڑھیں۔

### گھر کا کام

- بچے گھر سے نظم یاد کر کے آئیں اور رنگین پنسلیں اور کاغذ لے کر آئیں۔

## سیشن 6

25 منٹ

- آج ٹیچر پہلے فلیش کارڈز کے ذریعے صفحہ نمبر 4-3 کے الفاظ کی پڑھائی کر وائیں اور ان الفاظ کو بھی بورڈ پر لگاتی جائیں۔ بچوں کو 5 منٹ کا وقت دیں اس کے بعد پوچھیں کہ
  (1) صفحہ نمبر 3 پر کون لوگ نظر آ رہے ہیں؟
  (2) وہ کہاں کھڑے ہیں؟ گھر کے اندر یا باہر؟
  (3) امی ابو کیسے نظر آ رہے ہیں؟
  (4) ان کے پیچھے پنجرے میں کیا نظر آ رہا ہے؟
  (5) کھڑکی سے کون جھانک رہا ہے؟

(6) صفحہ نمبر 4 پر کون کون نظر آ رہا ہے؟
(7) ان کے ہاتھ میں کس کا سامان ہے؟
(8) یہ سامان دو لوگ مل کر کیوں اٹھائے ہوئے ہیں؟
(9) بستر پر کون سی کتاب رکھی ہے؟
(10) کامل کیا کر رہا ہے؟
(11) اس کے بستر کے پاس اور کیا کیا پڑا ہوا ہے؟ (تمام بچوں کو باری باری بولنے کا موقع دیں)۔

20 منٹ

- آج بچے رنگین پنسلوں کی مدد سے اپنے گھر والوں کی تصویر بنائیں۔ اس کام کے لئے بچوں کو فرش پر بیٹھنے کی اجازت دیں۔ وہ گروپس میں بیٹھ کر بھی یہ کام کر سکتے ہیں۔ بچوں کو یہ تصویریں گھر لے جانے کی اجازت دیں۔

## سیشن 7

20 منٹ

- آج بچوں کو صفحہ نمبر 5 سے 8 تک کے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیں اور ان کی پڑھائی کر وائیں۔ اس کے بعد فرداً فرداً بچے صفحہ نمبر 5 سے لے کر 8 تک پڑھائی کریں۔ ٹیچر ان سے ان صفحات کے بارے میں تفصیل سے گفتگو کریں۔

(1) نانی کس کے کمرے میں آئی ہیں؟
(2) کون کون نانی کے پیچھے کھڑا ان کو پیار کر رہا ہے؟
(3) کامل نانی کو کیا دکھا رہا ہے؟
(4) کمرے میں کون سے کھلونے نظر آ رہے ہیں؟
(5) صفحہ نمبر 7 اور 8 پر کامل کیا کر رہا ہے؟
(6) اس کے ہاتھ میں کیا چیز ہے؟
(7) اس کی قمیض پر کیا لکھا ہے؟
(8) یہ کس ملک کا جھنڈا ہے؟ کیا آپ اس کو پہچانتے ہیں؟
(9) کیا آپ اس ملک کا نام لکھ سکتے ہیں؟
(10) کامل کے کون کون سے کھلونے نظر آ رہے ہیں؟

(11) صفحہ نمبر 8 پر بچے نانی کے ساتھ کہاں کھیل رہے ہیں؛ یہ کون سی جگہ ہے؟

(12) کس کے ہاتھ میں گیند ہے؟

(13) درخت کے نیچے کیا پڑا ہے؟

(14) پھولوں کے پیچھے سے کیا جا رہا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔

25 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کاپی نکلوائیں۔ دن اور تاریخ کے ساتھ بچے اس پر صفحہ نمبر 5 سے لے کر 8 تک جو کھلونے نظر آ رہے ہیں ان کے نام لکھیں اور ان کی تصاویر بنائیں۔ جیسے گیند، گڑیا، گاڑی، ہاکی وغیرہ۔

## گھر کا کام

- بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی ایک لفظ سے بہت سے مختلف جملے بنائے جا سکتے ہیں۔ ٹیچر ایک یا دو الفاظ سے جملے بنا کر بتائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ کاپی نکالیں اور لفظ ''نانی'' سے ہر بچہ مختلف طرح کے پانچ جملے لکھے اور ہو سکے تو تصویر بھی بنائے۔

## سیشن 8

45 منٹ

- آج بچوں کو کتاب ''نانی'' کے صفحہ نمبر 9 اور 10 کے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیں اور پھر ان صفحات کی پڑھائی کر وائیں۔ صفحات پر بنی ہوئی تصاویر پر تفصیل سے گفتگو کریں۔

(1) صفحہ نمبر 9 پر آدمی کس چیز کے بنے ہوئے کھلونے بیچ رہا ہے؟

(2) درخت کے پاس کیا لکھا ہے؟

(3) دوسرا آدمی کیا بیچ رہا ہے؟

(4) کون اس سے آئس کریم خرید رہا ہے؟

(5) آئس کریم کا ٹھیلہ کن رنگوں کا ہے؟

(6) اس پر کیا کیا لکھا ہے؟

(7) صفحہ نمبر 10 پر سب لوگ کہاں کھڑے ہیں؟

(8) حنا کے ہاتھ میں کیا ہے؟ وہ کیا کھا رہی ہے اور کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

(9) کوڑے دان پر کیا لکھا ہے؟

(10) سب لوگ کیسے نظر آ رہے ہیں؟ خوش یا ناخوش؟ نانی کو کیسا لگ رہا ہے؟

## نوٹ

- اس کے علاوہ صفحہ نمبر 10-9 کی تصاویر کے ذریعے جوابات پر بھی گفتگو کی جاسکتی ہے۔ مثلاً صفحہ نمبر 9 پر ناریل والا کھوے بنا کر بیچ رہا ہے۔ اس میں ناریل کے خول کو کھوے بنانے کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔ کوڑا کرکٹ اور گھر کی بنی ہوئی آئس کریم کے ذریعے ٹیچر صحت اور صفائی کے اصولوں پر بات چیت کرسکتی ہیں۔

## گھر کا کام

- بچے کتاب ''نانی'' گھر پر دوبارہ پڑھیں اور گھر کے کسی بزرگ کو پڑھ کر سنائیں۔

# نانی

## ٹیچرز گائیڈ


جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
تیسرا ایڈیشن : نومبر 2005
تعداد: 300
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

ہم The Asia Foundation کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk